2019 年 5 月 9 日ジャング紙ラホール版 1 面

جعلی شادیاں، FIA کی کارروائی، 14 چینی باشندوں سمیت مزید 20 گرفتار

3 پاکستانی خواتین بازیاب

چینی شوہر کمرے میں بند کرکے تشدد کا نشانہ بناتا تھا، عدالت میں تنسیخ نکاح کا دعویٰ دائر کردیا ہے، متاثرہ لڑکی ربیعہ

لاہور (مانیٹرنگ سیل) ایف آئی اے نے راولپنڈی اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں کارروائی کرتے ہوئے 14 چینی باشندوں سمیت 20 افراد کو گرفتار کرلیا ہے، گرفتار چینی باشندوں کے قبضے سے 3 پاکستانی خواتین کو بازیاب کرایا گیا ہے۔ دوسری طرف شادی کرکے گوجرانوالہ سے چین جانے والی فتومنڈ کی رہائشی لڑکی شوہر کے تشدد سے تنگ آ کر پاکستان آ گئی۔ فتومنڈ کی ربیعہ نے ژانگ شوچن سے یکم جنوری کو فیصل مسجد میں شادی کی تھی۔ ربیعہ کا کہنا تھا کہ وہاں جا کر پتہ چلا کہ شوہر کے غیر عورتوں کیساتھ ناجائز تعلقات بھی تھے، چین میں گھر میں مردوں کا آنا جانا لگا رہتا تھا، مجھے کمرے میں بند کرکے تشدد کا نشانہ بنایا جاتا تھا، موقع ملتے ہی شوہر کی قید سے فرار ہو کر پاکستانی سفارتخانے پہنچی۔ ربیعہ کا کہنا تھا کہ پاکستان واپسی میں ایمبیسی نے بہت مدد کی، میری محلے دار عورت نے اچھے مستقبل کے خواب دکھا کر چینی مرد سے شادی کرائی، شوہر کے خلاف عدالت میں تنسیخ نکاح کا دعوئ دائر کردیا ہے۔ متاثرہ لڑکی کا کہنا تھا کہ حکومت ایسے گروہوں کے خلاف سخت کارروائی کرے جو پیسے لے کر خواتین کی غیر ملکیوں سے شادی کراتے